شذرات

کم و بیش آج دنیا کے ہر ملک میں ایک عام اضطراب پایا جاتا ہے۔ یہ اضطراب سیاسی و معاشی بھی ہے، معاشرتی و اخلاقی بھی ہے۔ اور فکری و جذباتی بھی۔ اس سے ہر ملک، ہر قوم اور ان کا ہر حصہ متاثر ہے۔ اور مسلمان جو صدیوں کی گہری نیند سے ابھی ابھی جاگے ہیں، اور اپنے کو زندگی کے ہر میدان میں دوسری قوموں سے بہت پیچھے پاکر یہ کوشش کر رہے ہیں کہ وہ آگے بڑھیں اور ترقی کریں، ان میں یہ اضطراب اور بھی زیادہ اور ہمہ گیر ہے۔

ہمارے نزدیک یہ اضطراب زندگی کی علامت ہے، زوال اور انتشار کا پیش خیمہ نہیں۔ بے شک ہم مسلمان زندگی کی دوڑ میں پیچھے رہ گئے تھے۔ لیکن اب ہمارے ہاں کا کوئی طبقہ ایسا نہیں، جس میں اس طرح پیچھے رہ جانے کا احساس نہ ہو، اور زیادہ یا کم اس کمی کو دور کرنے کا اس میں جذبہ نہ پیدا ہو گیا ہو۔

ہم مسلمانوں کے ہاں اس ہمہ جہتی و ہمہ گیر اضطراب کی بڑی وجہ یہ ہے کہ ہم نہ صرف مادی ترقی اور سائنسی و فنی علوم میں دوسری قوموں سے پیچھے ہیں، بلکہ ہمارا معاشرہ، ہماری جذباتی افتاد اور ہمارا فکری مزاج، جو ہمیں اپنی ملی تاریخ سے ورثے میں ملا ہے، اس میں اور موجودہ زمانے اور اس کے حالات میں نزاع ہے، موافقت نہیں۔ تضاد ہے ہم آہنگی نہیں۔

بات یہ ہے کہ مسلمان، ان کے دینی معتقدات، ان کی اخلاقی و روحانی قدریں، ان کی تہذیبی و معاشرتی روایات اتنی سطحی اور کمزور نہیں کہ وہ آسانی سے عہد حاضر کے غلبے کے سامنے ہتھیار ڈال دیں اور ناپید ہونا منظور کر لیں۔ ان کی جڑیں ہماری انفرادی و اجتماعی زندگی میں بڑی گہری ہیں۔ اب ایک طرف ہمارے دینی معتقدات، ہماری اخلاقی و روحانی قدریں اور تہذیبی و معاشرتی روایات ہیں، جو ہماری صبح شام

کی زندگی میں مؤثر ہوتی ہیں اور ہم ان کا شعوری اور غیر شعوری طور پر اثر قبول کرتے ہیں۔ اور دوسری طرف نیا زمانہ اس کے تقاضے اس کی ضرورتیں، بلکہ اس کی جبریت اور قہریت ہے، جسے نظر انداز کرنا ناممکن ہے غرض ہم مسلمانوں میں اس وقت جو اضطراب ہے اس کی ایک بڑی وجہ دراصل ان دو مؤثرات کی یہ باہمی کشمکش ہے

سائنسی و فنی علوم کی تحصیل اور معاشی و صنعتی ترقی کی ضرورت سے آج ہم میں سے کسی کو انکار نہیں ہے لیکن چند افراد یا مختصر جماعتوں کا تو سوال الگ ہے، مجموعی طور پر مسلمان اس کے لئے کبھی بھی تیار نہیں ہوں گے کہ وہ اس ضرورت کو پورا کرنے کی خاطر اپنے دینی معتقدات اپنی اخلاقی و روحانی قدروں اور تہذیبی و معاشرتی روایات سے بے تعلق ہونا منظور کرلیں۔ اور یہ صحیح بھی نہیں کہ اول الذکر کے حصول کے لئے کسی طرح بھی آخر الذکر کا انکار لازمی ہے۔ ہمیں آج کے سائنسی و فنی علوم بھی حاصل کرنا ہیں بلکہ ان میں اتنی مہارت پیدا کرنا ہے کہ ہم آج کی طرح ان میں دوسروں کے محتاج نہ رہیں، لیکن اس کے ساتھ ساتھ ہماری یہ صرف خواہش نہیں، بلکہ فطری ضرورت ہے اور یہ کہنا اور بھی زیادہ صحیح ہے کہ ہم بحیثیت ایک انسانی جماعت کے اس پر مجبور ہیں کہ اپنی انفرادی و اجتماعی زندگی میں اپنے معتقدات و روایات کے تسلسل کو قائم رکھیں۔ کیونکہ ایک فرد اور قوم کا صحت مند نتیجہ خیز اور مفید وجود صرف اسی طرح ممکن ہوتا ہے کہ وہ اپنے ماضی کے تسلسل کو قائم رکھتے ہوئے حاضر کے پہلو بہ پہلو آگے بڑھیں۔

ہم یہ مقصد کس طرح حاصل کریں؟ آج ہمارے یہاں سب سے مشکل سوال یہ ہے۔ بے شک نئے زمانے کی ضرورتوں اور جدید علوم کی اہمیت کو سب تسلیم کرتے ہیں۔ اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ ہمارے اکثر روشن خیال علمائے دین اپنے عربی مدارس کے ساتھ ساتھ ہائی اسکول کھول رہے ہیں، جن میں انگریزی و جدید مضامین پڑھائے جاتے ہیں نیز عربی مدارس کے فارغ التحصیل طلبہ میں دینی علوم کی تحصیل کے بعد انگریزی زبان پڑھنے کا رجحان ترقی کرتا جا رہا ہے۔

ماضی کی روایات صالحہ کو حاضر کی ضرورتوں کے ساتھ اسی طرح سمونا۔ یہ ایک اچھی فال ہے! اور اس سے امید بندھتی ہے کہ جہاں ہمارے ہاں جمود ٹوٹے گا، وہاں ہم تجدید میں اپنے ماضی سے بے تعلق نہیں ہوں گے، اور ہماری ترقی متوازن ہوگی۔